سوال

(255)ملازمہ کا پردہ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا گھریلو خادمہ یا ملازمہ پر اپنے مالک سے پردہ کرنا واجب ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسی نوعیت کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے شیخ ابن باز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا، گھریلو ملازمہ پر اپنے مالک سے پردہ کرنا واجب ہے، وہ اس کے سامنے بناؤ سنگھار نہیں کر سکتی نیز اس لیے بھی کہ اس کا بے پردہ ہونا اور مالک کے سامنے حسن کی نمائش کرنا فتنے کو بھڑکانے کا سبب ہے، اسی طرح خادمہ کا مالک کے ساتھ خلوت میں رہنا مالک کے لیے شیطانی گمراہی کا باعث بن سکتا ہے۔ (فتاویٰ برائے خواتین، ص: 266)

فتنہ وفساد سے بچنے کے لیے مالک کے لیے ضروری ہے کہ وہ خادمہ سے الگ رہے، اسے کسی ایسے کام کا مکلف نہ بنائے جس کی وجہ سے مالک کو ملازمہ کے ساتھ خلوت کا موقع ملے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

خواتین کے مخصوص مسائل، صفحہ: 549

محدث فتویٰ